QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 214

بجلی کی شکایات کیلئے براہ راست 118 کال یا موبائل سے 8118 پر بذریعہ پیغام شکایات درج کروائیں

کوئٹہ:02 مارچ 2026ء۔۔۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) صارفین کی خدمت اور بجلی کی بلاتعطل فراہمی کیلئے تمام مصروف عمل ہے۔صارفین کی سہولت کے پیش نظر چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو کی ہدایات پر بجلی سے متعلق شکایات کے اندراج اور اُنکے فوری ازالے کیلئے فیلڈ آپریشن افسران اور ملازمین شب و روز سرگرم ہیں تاکہ کم سے کم وقت میں صارف کے مسائل کا حل یقینی بنائی جاسکے۔اس سلسلے میں کیسکو کے تمام صارفین بجلی سے متعلق اپنی شکایات کے اندراج اور بروقت ازالہ کیلئے 118 پر براہ راست کال کرسکتے ہیں جبکہ 8118 پر پیغام (SMS) کے زریعے بھی بجلی بل کا حوالہ نمبر لکھ کر ارسال کرسکتے ہیں۔جس پر فوری کارروائی عمل میں لاکر مختصر وقت میں صارف کی شکایات کا ازالہ کیا جائے گا۔صارفین اپنے متعلقہ سب ڈویژنز کے ٹیلی فون نمبر پر رابطہ کرکے اپنی شکایات درج کرواسکتے ہیں۔کیسکو اپنے تمام صارفین سے اپیل کرتی ہے کہ وہ بجلی کی بندش، بلوں میں درستگی، میٹر ریڈنگ کی غلطی اور بجلی کے نئے کنکشن کی فراہمی سے متعلق کسی بھی شکایات کیلئے اب براہ راست 118 پر کال اور موبائل سے بذریعہ میسج (SMS) 8118 پر بجلی بل کا حوالہ نمبر درج کرکے اپنی شکایات ارسال کرسکتے ہیں۔

نمبر: کیسکو پی آر 215

ترقیاتی کاموں کے سلسلے میں بجلی بند رہیگی

کوئٹہ 02 مارچ 2026ء۔۔۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ پیکیج منصوبے کے تحت کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں نئے کھمبوں کی تنصیب اور برقی لائنوں کی شفٹنگ کئے جارہے ہیں۔اس سلسلے میں 4 مارچ کو (بروز بدھ) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے 11kv ملک پلانٹ، شہباز ٹاون، جناح ٹاؤن اور بروری فیڈروں سے صبح 9:30 بجے سے دوپہر 12:30 بجے تک بجلی بند رہیگی۔اسی طرح 5 مارچ کو (بروز جمعرات) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے مارک فیکٹری، دیبہ اور جی او آر فیڈرز صبح 9:30 بجے تا دوپہر 12:30 بجے نیز اُسی روز کچلاک گرڈ اسٹیشن کے 11kv ایس ڈی بلیلی، ولی، ستار فیڈروں سے دن 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہیگی۔تاہم کیسکو نے اس دورانیہ میں عارضی بجلی بندش پر متعلقہ صارفین سے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی ہے۔